The Absolute Reality

www.quran4u.com

يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِي إِلَى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَرْضِيَّةً

اے اطمینان پانے والی روح!

اپنے پروردگار کی طرف لوٹ چل تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندهري)

سورة الفجر

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

فجر کی قسم	.1
اور دس راتوں کی	.2
اور جفت اور طاق کی	.3
اور رات کی جب جانے لگے	.4
(اور) بیشک یہ چیزیں عقلمندوں کے نزدیک قسم کھانے کے لائق ہیں	.5
(کافروں کو ضرور عذاب ہوگا) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ تمہارے پروردگار نے عاد کے ساتھ کیا کیا	.6

(جو) ارم (کہلاتے تھے اتنے) دراز قد	.7
کہ تمام ملک میں ایسے پیدا نہیں ہوئے تھے	.8
اور ثمود کے ساتھ (کیا کیا) جو وادی (قری) میں پتھر تراشتے (اور گھر بناتے) تھے	.9
اور فرعون کے ساتھ (کیا کیا) جو خیمے اور میخیں رکھتا تھا	.10
یہ لوگ ملکوں میں سرکش ہو رہے تھے	.11
اور ان میں بہت سی خرابیاں کرتے تھے	.12
تو تمہارے پروردگار نے ان پر عذاب کا کوڑا نازل کیا	.13
بیشک تمہارا پروردگار تاک میں ہے	.14
مگر انسان (عجیب مخلوق ہے کہ) جب اس کا پروردگار اس کو آزماتا ہے کہ اسے عزت دیتا اور نعمت بخشتا ہے تو کہتا ہے کہ (آہا) میرے پروردگار نے مجھے عزت بخشی	.15
اور جب (دوسری طرح) آزماتا ہے کہ اس پر روزی تنگ کر دیتا ہے تو کہتا ہے کہ (ہائے) میرے پروردگار نے مجھے ذلیل کیا	.16
نہیں بلکہ تم لوگ یتیم کی خاطر نہیں کرتے	.17
اور نہ مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب دیتے ہو	.18
اور میراث کے مال کو سمیٹ کر کھا جاتے ہو	.19
اور مال کو بہت ہی عزیز رکھتے ہو	.20
تو آج زمین کی بلندی کوٹ کوٹ کر پست کر دی جائے گی	.21
اور تمہارا پروردگار (جلوہ فرما ہوگا) اور فرشتے قطار باندھ کر آموجود ہوں گے	.22

اور دوزخ اس دن حاضر کی جائے گی تو انسان اس دن متنبہ ہو گا مگر اب انتباہ (سے) اسے فائدہ کہاں (مل سکے گا)	.23
کہے گا کاش میں نے اپنی (جاودانی کے لیے) کچھ بھیجا ہوتا	.24
تو اس دن نہ کوئی خدا کے عذاب کی طرح کا (کسی کو) عذاب دے گا	.25
اور نہ کوئی ویسا جکڑے گا	.26
اے اطمینان پانے والی روح!	.27
اپنے پروردگار کی طرف لوٹ چل تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی	.28
تو میرے (ممتاز) بندوں میں داخل ہو جا	.29
اور میری بہشت میں داخل ہو جا	.30

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com